گیارہ پریشانیوں

کا

ایک حل

(استغفار کے فضائل)

محمّد یوسف رئیس

فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ (بنوری ٹاؤن)

ایم اے اسلامیات، کراچی یونیورسٹی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالیٰ انسان کا خالق ومالک ہے ، اور اللہ تعالیٰ کی ذات
اس بات کے لائق ہے کہ بندہ ہر وقت اس کے سامنے سجدہ
ریز رہے ، لیکن چونکہ انسان میں غلطی اور بھول چوک کا مادہ
ہے ، اس لئے کبھی نہ کبھی چُوک ہوجاتی ہے۔ اس چُوک پر
اللہ تعالیٰ اگر بندے کو صرف معاف کردے تو یہی اللہ تعالیٰ
کا بہت بڑا احسان ہے ، لیکن قربان جایئے اُس مہربان اللہ کی
ذات پر کہ جب بندہ کوئی گناہ کر بیٹھتا ہے اور اس کے بعد
اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کرتا ہے تو وہ صرف معاف ہی
نہیں کرتا بلکہ معافی کے ساتھ بہت سے فضائل وانعامات سے
نوازتا ہے، جن کا ذکر ہمیں قرآن وحدیث میں ملتا ہے ۔ان
میں سے گیارہ اہم فضائل وانعامات یہاں ذکر کیے گئے ہیں

پہلی فضیلت: اللہ تعالیٰ سارے گناہ معاف فرمادیں گے

حدیثِ قدسی ہے:

يَا ابنَ آدَمَ لَو بَلَغَتْ ذُنُوبُكَ عَنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ استغفَرتَنِي غَفَرتُ لَكَ وَلَا أُبَالِي

(الترمذی:3463)

اے ابن آدم !اگر تمہارے گناہ آسمان تک پہنچ جائے پھر تو مجھ سے مغفرت طلب کرے تو میں تیری مغفرت کردوں گا اور مجھے کوئی پرواہ بھی نہیں ہوگی۔

دوسری فضیلت: جنت میں داخلہ نصیب ہو گا

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

يَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَّيَجْعَل لَّكُمْ اَنْهَارًا

(نوح:12)

استغفار کرنے پر اللہ تعالیٰ جنت میں ”تمہارے لیے باغات پیدا کرے گا اور تمہارے خاطر نہریں مہیا کرے گا“۔

تیسری فضیلت: رحمتوں والی بارشیں برسیں گی

فرمانِ الٰہی ہے!

یُرۡسِلِ السَّمَاءَ عَلَیۡکُمۡ مِدۡرَارًا

(نوح:12، ھود:52)

استغفار کرنے پر "وہ تم پر آسمان سے خوب بارشیں برسائے گا"۔

چوتھی فضیلت: مال و دولت میں برکت ہوگی

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ

(نوح:12)

استغفار کرنے پر "وہ تمہارے
مال میں اضافہ فرمائے گا"۔

فرمانِ خاتِم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ہے:

رَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔

(مستدرک للحاکم:7758)

بکثرت استغفار کرنے والے کو
”ایسی جگہ سے روزی دیں گے
جہاں سے گمان بھی نہیں ہو گا“۔

پانچویں فضیلت: نرینہ اولاد عطا ہوگی

اللہ تعالیٰ نے سورہ نوح کی آیت نمبر 12 میں استغفار کے انعامات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا (بَنِیۡن) یعنی جو شخص استغفار کرے گا اللہ تعالیٰ اسے اولادِ نرینہ کی نعمت سے نوازیں گے۔

واقعہ

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے دربانوں میں
سے ایک دربان، جو خوب مالدار تھا لیکن اس کی
اولاد نہیں تھی اس نے حضرت معاویہ رضی اللہ
عنہ سے پوچھا کہ مجھے کوئی ایسی چیز بتائیں کہ اللہ
پاک مجھے اولاد نصیب کرے، تو حضرت معاویہ
رضی اللہ عنہ نے فرمایا: استغفار کرتے رہو۔

چنانچہ اس دربان نے کثرت سے استغفار
شروع کردیا حتی کہ بسا اوقات دن میں
سات سو دفعہ استغفار کرتا، یہاں تک کہ
اللہ پاک نے اس کو دس بیٹے عطا فرمائے۔

(تفسیرِ نسفی، سورہ ھود، آیت:52)

چھٹی فضیلت: جسمانی قوت حاصل ہوگی

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ

(ھود:52)

استغفار کرنے پر "اللہ تعالیٰ تمہاری
موجودہ قوت میں مزید قوت کا
اضافہ فرمائیں گے"۔

ساتویں فضیلت: بستی پر آنے والے عذابات ٹل جائیں گے

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

مَا کَانَ اللہُ مُعَذِّبَہُمۡ وَ ہُمۡ یَسۡتَغۡفِرُوۡن

(الانفال:33)

اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو عذاب دینے والا نہیں جو استغفار کرتے رہتے ہوں"۔یعنی تمہارے استغفار کی برکت سے تم سمیت ساری بستی والوں پر سے عذابات ٹل جائیں گے۔

آٹھویں فضیلت: ہر غم سے نجات مل جائے گی

آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ اَكْثَرَ مِنَ الِاسْتِغْفَارِ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا

(مستدرک للحاکم: 7758)

جو شخص کثرت سے استغفار کرتا رہے گا "اللہ تعالیٰ اس کو ہر غم سے نجات دیں گے"۔

نویں فضیلت: ہر مشکل و پریشانی سے چھٹکارا مل جائے گا

آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

مِنْ کُلِّ ضَیْقٍ مَخْرَجًا۔

(مستدرک للحاکم:7758)

بکثرت استغفار کرنے والے کو اللہ تعالیٰ
"ہر مشکل سے خلاصی عطا فرمائیں گے"۔

دسویں فضیلت: دعائیں قبول ہوں گی

گیارہویں فضیلت: بستی والوں کو رزق عطا ہو گا

آخری نبی ﷺ نے فرمایا:

مَن اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤمِنِينَ وَالْمُؤمِنَاتِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعًا وَّعِشْرِيْنَ مَرَّةً اَوْ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ مَرَّةً۔ اَحَدُ الْعَدَدَيْنِ۔ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ وَيُرْزَقُ بِهِمْ اَهْلُ الْاَرْضِ

(مَجمَع الزَّوائِد:17600)

”جو شخص ہر دن اللہ تعالیٰ سے مؤمنین
اور مؤمنات کے لیے ستائیس (27) یا
پچیس(25) مرتبہ استغفار کرتا ہے ، اللہ
تعالیٰ اس کو ان لوگوں میں شمار فرماتے ہیں
جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور جن کے
طفیل زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے “

گزارش

استغفار کی اہمیت اور ان مذکورہ فضائل کے پیش نظر تمام قارئین سے گذارش ہے کہ اپنے اوقات میں سے کچھ وقت اللہ تعالی سے توبہ استغفار کے لیے ضرور نکالیں۔ کم از کم دن میں 27 مرتبہ "اللھم اغُفر لِلُمُوءمِنِیُنَ وَالُمُوءمِنَات" اور 100 مرتبہ " استغفر اللہ" پڑھ لیں اس دیہان کے ساتھ کہ "اے اللہ میں کمزور ہوں، حقوق اللہ اور حقوق العباد مجھ پر لازم ہیں لیکن میں ادا نہیں کر پارہا ہوں، گناہوں بھی ہورہے ہیں، آپ ہی میری مدد کرسکتے ہیں ،آپ ہی مجھے گناہوں سے بچالیجیے اور حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے کی توفیق عطا فرمایئے"۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک ہم سب کو زیادہ سے زیادہ توبہ واستغفار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

*اس کو صدقہ جاریہ سمجھتے ہوئے آگے زیادہ سے زیادہ شئیر کریں، جزاکم اللہ۔

*اس کو چھاپنے کی عام اجازت ہے۔

پیشکش

منجانب

AIC

Alhamd Islamic Center

Block H,North Nazimabad,Karachi,Pakistan.
www.alhamdislamiccenter.com
alhamdislamiccenter@gmail.com
+92 333 0202 778